دی سٹی اسکول　　　　پی اے ایف چیپٹر　　　　جونیئر سیکشن

اُردو اعادہ ورکشیٹ ۔ کلاس سوم

نام:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کلاس۔ سیکشن۔۔۔۔۔۔۔ وقت: ا گھنٹہ

تفہیم

پودے اللہ کی نعمت ہیں ۔ ہم ان سے بہت کچھ حاصل کرتے ہیں ۔ یہ ہمیں آکسیجن ، پھل اور پھول فراہم کرتے ہیں ۔ کچھ پودے بڑے ہوکر سایہ دار درخت بن جاتے ہیں ۔ پودوں کو بڑھنے کے لیئے ہوا ، پانی ، مٹی اور روشنی کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اگر پودوں کا خیال نہ رکھا جائے تو یہ مُرجھا جاتے ہیں ۔ لہٰذا ان کی مکمل دیکھ بھال کرنا ضروری ہے ۔ خوش‌نما اور سر سبز پودوں کو دیکھنے سے آنکھوں کو ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے ۔ ہمیں زیادہ سے زیادہ پودے لگانے چاہئیں تاکہ ہم ان سے نہ صرف فائدے حاصل کرسکیں بلکہ ہمارا ماحول بھی خوب صورت رہے ۔ کیونکہ درخت اور پودے ہی ہمارے ماحول کو آلودہ ہونے سے بچاتے ہیں ۔ انھی کی وجہ سے موسم بنتے ہیں اور بارش ہوتی ہے ۔ جو ہم سب کو زندہ رہنے کے لیئے بہت ضروری ہے ۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں ۔

سوال ا۔ پودوں سے ہم کیا حاصل کرتے ہیں ؟

سوال ۲۔ پودوں کا خیال رکھنا کیوں ضروری ہے ؟

سوال ۳۔ ماحول کو خوبصورت بنانے کے لیئے ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟

سوال ۶۔ تفہیم کا عنوان لکھیں ۔

سوال ۷۔ عبارت سے چار حروف جار اور چار فعل تلاش کرکے لکھیئے ۔

حروف جار: ا۔ ---------- ۲۔ ---------- ۳۔ ---------- ۴۔ ----------

فعل : ا۔ ---------- ۲۔ ---------- ۳۔ ---------- ۴۔ ----------

سوال۸۔ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں ۔

ا۔ موسم : ---

۲۔ زندہ : ---

۳۔ درخت : ---

حصہ قواعد و انشاء پردازی

سوال ا۔ درج ذیل جملوں میں خط کشید واحد الفاظ کے جمع اور جمع الفاظ کے واحد تحریر کریں ۔

ا۔ دکان میں موجود ایک تصویر کے علاوہ مجھے تمام ------------ اچھی لگیں ۔

۲۔ آج دادی جان نے کئی کہانیاں سنائیں لیکن مجھے آخری ---------- بہت پسند آئی۔

۳۔ ابو نے دکان سے ٹوپیاں خریدیں اور ایک ------------ مجھے تحفے میں دے دی ۔

سوال ۲۔ درج ذیل الفاظ کی مدد سے مرکب الفاظ بنائیں ۔

الفاظ		مرکب الفاظ
شہہ	نما	

سوال ۳۔ درج ذیل جملوں میں خط کشید الفاظ کو مونث کو مونث اور مونث الفاظ کو مذکر میں تبدیل کر کے جملہ دوبارہ تحریر کریں ۔

ا۔ ڈاکٹر صاحب کی دوا سے مریض کو فائدہ ہوا ۔

۲۔ مالی نے ایک خوبصورت گلدستہ بنایا ۔

۳۔ نوکرانی کی غلطی پر اُسے ڈانٹ پڑی ۔

سوال ۴۔ درج ذیل انگریزی فقرات کا اردو ترجمہ تحریر کیجیے ۔

1. My brother is going to school: ______________________________

2. We are reading story books: ______________________________

سوال ۵۔ دیے گئے جملوں میں سے اسم اور صفت الگ کیجیے ۔

جملے	اسم	صفت
ا۔ ابو میٹھے آم لائے ۔		
۲۔ لومڑی چالاک جانور ہے		
۳۔ لاہور تاریخی شہر ہے ۔		

سوال ۶۔ خط کشید الفاظ کے متضاد لکھیے ۔

ا۔ نادان دوست سے ---------------- دشمن بہتر ہے ۔

۲۔ بزدل جلدی ڈر جاتے ہیں اور ---------------- مقابلہ کرتے ہیں ۔

۳۔ ہمیں سب کی خوشی ہو یا ---------------- ساتھ دینا چاہیے ۔

۴۔ زمین و ---------------- کا مالک اللہ تعالیٰ ہے ۔

سوال ۸۔ غلط فقرات کو درست کیجیے ۔

۱۔ مجھ کو دیر ہورہی ہے

۲۔ ان نے مجھے مارا

۳۔ نیکی کرنا صواب ہے

۴۔ رمزان برقتوں کا مہینہ ہے

سوال ۹۔ '' عیدالفطر '' کے عنوان پر مضمون تحریر کیجیے (۸۰ الفاظ)

یا

آغاز کی مدد سے کہانی لکھیے ۔

ایک سر سبز باغ میں بہت سے درخت تھے لیکن سب پھل دار درختوں کو پسند کرتے تھے ۔ ایک دن نیم کے پیڑ نے سوچا --

----